Mae Brechu yn achub bywydau
Vaccination saves lives

COVID-19 vaccination

مجھے COVID-19 ویکسین لگوانے کے لئے انتظار کیوں کرنا پڑے گا؟

Urdu

GIG CYMRU NHS WALES

DIOGELU CYMRU KEEP WALES SAFE

سب سے پہلے ان افراد کو ویکسین آفر کی جارہی ہے جن کو COVID-19 سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا خطرہ ہے۔

برطانیہ میں سب سے پہلے COVID-19 کی دو ویکسین لگائے جانے کا امکان ہے (جو BioNTech Pfizer اور AstraZeneca کی تیار کردہ ہیں)۔ ان دونوں میں سے جو بھی ویکسین استعمال ہو، بہترین تحفظ فراہم کرنے کے لئے اسے دو بار لگوانا ضروری ہے۔

ان دونوں ویکسین کے لئے برطانیہ میں مکمل مارکیٹنگ کی اجازت (لائسنس) نہیں ہے لیکن میڈیسن اینڈ ہیلتھ کیئر پروڈکٹس ریگولیٹری ایجنسی (MHRA) نے انکے محفوظ اور موثر ہونے کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد ان کے استعمال کی اجازت دی ہے۔

جوائنٹ کمیٹی آن ویکسینیشن اینڈ ایمونائیزیشن (JCVI) نے ، جو کہ آزادانہ کام کرنیوالے ماہرین کا گروپ ہے، سفارش کی ہے کہ NHS سب سے پہلے ان افراد کو ویکسین کی پیش کش کرے جن کے COVID-19 سے بیمار ہونے، سنگین نوعیت کی پیچیدگیوں میں مبتلا ہونے یا ہلاک ہونے کا سب سے زیادہ خطرہ ہو تاکہ NHS اورسوشل کئیر سروسز کو محفوظ رکھا جا سکے۔ ان میں بڑی عمر کے افراد اور فرنٹ لائن ہیلتھ اور سوشل کئیر ورکر شامل ہیں۔ جب ویکسین وافر مقدار میں دستیاب ہوجائے گی تو یہ ویکسین خطرے سے دوچار دیگر افراد کو بھی جلد از جلد بنیادوں پر آفر کر دی جائے گی۔

ویکسین آفر کئے جانے پر آپ کو اسے لگوانا چاہیے اگر آپ:

- ایسا فرد ہیں جو بوڑھے افراد کے کئیر ہوم میں رہتا یا کام کرتا ہو۔
- فرنٹ لائن ہیلتھ کیئر ورکر ہیں
- فرنٹ لائن سوشل کئیر ورکر ہیں
- گھر میں موجود کیرر ہیں جو پرسنل کئیر فراہم کر رہا ہو

ویکسین مندرجہ ذیل ترتیب میں آفر کی جائے گی:

- 80 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد
- 75 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد
- 70 سال یا اس سے زیادہ عمر والے اور ایسے بالغ افراد جنہیں طبی لحاظ سے انفیکشن ہونے کا شدید خطرہ ہو
- 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد
- 16 سے 64 سال تک عمر والے افراد جن کو طویل مدت سے صحت کے مسائل ہوں (اگلے صفحے پر فہرست دیکھیئے)

طویل المدتی صحت کے مسائل میں مندرجہ ذیل بیماریاں شامل ہیں:

- بلڈ کینسر (جیسا کہ لیوکیمیا ، لمفوما یا مائیلوما کا ہونا)
- ذیابیطس
- دل کی تکلیف
- سینے کی شکایت یا سانس لینے میں دشواری ، بشمول برونکائٹس، ایمفیسیما یا شدید دمہ
- گردے کی بیماری
- جگر کی بیماری
- بیماری یا علاج کی وجہ سے قوت مدافعت میں کمی (HIV انفیکشن ، سٹیرایڈ ادویات کا استعمال، کیموتھراپی یا ریڈیو تھراپی)
- کوئی عضو ٹرانسپلانٹ کیا گیا ہو
- فالج ہوا ہو یا ٹرانزئینٹ اسکیمک اٹیک (TIA) کا سامنا کرنا پڑا ہو
- کوئی اعصابی یا پٹھوں کی گھلنے کی بیماری جس میں مرگی اور ڈیمینشیا شامل ہیں
- سیکھنے کی شدید یا واضح معذوری
- ڈاؤنز سنڈروم
- تلی میں مسئلہ ، جیسا کہ سکل سیل بیماری ، یا آپ کی تلی نکال دی گئی ہو۔
- بہت زیادہ وزن کا ہونا (40 اور اس سے اوپر کا BMI ہونا)
- شدید ذہنی بیماری

جب ایسے افراد کو جن کی عمریں 16-64 سال کے درمیان ہوں اور جنہیں طویل مدت سے صحت کے مسائل درپیش ہوں تو اسی وقت مندرجہ ذیل افراد کو بھی ویکسین آفر کی جائے گی:

- ایسے افراد جو کسی بڑی عمر یا معذور فرد کی بنیادی نگہداشت کرتے ہیں اور اگر نگہداشت کرنے والا بیمار پڑ جائے تو اُن کی ویلفئیر کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے
- نسبتا کم عمر نوجوان جو طویل مدت سے نرسنگ ہومز اور انتظام کردہ رہائش گاہوں میں رہ رہے ہوں، اور ان جگہوں پر کام کرنیوالے عملے کو۔

ان گروپوں کے بعد ، 50-64 سال کی عمر کے افراد کو ویکسین لگوانے کی پیش کش کی جائے گی۔

جب 2021 میں مزید ویکسین دستیاب ہوجائے گی تو ہم اسے مزید گروپس کو آفر کریں گے۔

میں اوپر دئیے گئے گروپس میں سے ایک میں شامل ہوں، مجھے کیوں انتظار کرنا پڑے گا؟

جیسے جیسے استعمال کرنے کے لئے منظوری ملتی جائے گی COVID-19 کے لئے مختلف قسموں کی ویکسینیں تیار ہوتی جائیں گی اور ہمارے پاس پہنچتی جائیں گی۔ جیسے ہی کافی مقدار میں ویکسین دستیاب ہوگی، لوگوں کو ترتیب سے بلایا جائے گا اور جب آپ کی باری آئے گی تو آپ کو ایک اپوائینٹمنٹ بھیج دی جائے گی۔

میں COVID-19 کی ویکسین کہاں سے لگوا سکتا ہوں؟

ویکسین لگوانے کے لئے بہت سے انتظامات کئے جائیں گے ۔ زیادہ تر لوگ اپنے ویکسین لگوانے کے لئے اپنے قریبی سنٹر میں جائیں گے۔ کچھ ویکسین لگانے والی ٹیمیں لوگوں کے پاس جا کر ان کو ویکسین لگائیں گی ، مثال کے طور پر کیئر ہومز میں۔

اگر مجھے کسی ایسے سنٹر میں جانے کا کہا گیا جہاں جانا آسان نہ ہوا تو کیا ہوگا؟

براہ کرم آپ کو جس ویکسینیشن سینٹر میں جانے کا کہا جائے اسی میں جانے کی کوشش کریں۔ اگر آپ اس سنٹر نہیں جاسکتے جس کے لئے آپکو ویکسین لگوانے کی آفر بھیجی گئی تو ممکن ہے آپ کو زیادہ آسان لوکیشن پر ویکسین لگوانے کے لئے انتظار کرنا پڑے۔

کیا میں COVID-19 کی ویکسین کو پرائیویٹ طور پر ادائیگی کر کے یا کسی فارمیسی میں لگوا سکتا ہوں؟

نہیں ، COVID-19 کی ویکسین صرف NHS کے مقرر کردہ سینٹرز پر اہلیت رکھنے والے گروپس کو مفت دستیاب ہے۔

مزید معلومات کے لئے

آپ کوویڈ -19 ویکسین کے بارے میں بشمول ان کے جزویات اور ممکنہ مضر اثرات کے مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں
https://111.wales.nhs.uk/coronavirus(2019ncov)
اور **www.gov.uk/government/collections/mhra-guidance-on- coronavirus-covid-19** پر

مضر اثرات کا شبہ ہو تو **coronavirus-yellowcard.mhra.gov.uk** پر رپورٹ کیجئے یا ییلو کارڈ ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرکے اطلاع کیجئے۔

یہ معلوم کرنے کے لئے کہ NHS آپ کی معلومات کو کس طرح استعمال کرتا ہے یہاں پر وزٹ کریں:
111.wales.nhs.uk/lifestylewellbeing/yourinfoyourrights

اس کتابچے کی مزید کاپیاں حاصل کرنے کے لئے ربطہ کریں۔
https://phw.nhs. wales/services-and-teams/health-information-resources/

© Public Health Wales, December 2020 (with acknowledgement to Public Health England) ISBN 978-1-78986-154-311